© rasailojaraid.com



ڈال کر کے بیٹھا جائے۔ ہر چھوٹی بڑی بات میں دم کا سہارا نہیں لینا چاہیے۔ اس کے بجاے دعا کو وظیفہ بنانا چاہیے جس کی قرآن وحدیث میں بار بار تاکید آئی ہے' واللہ اعلم۔ (ع - م)

## کمپیوٹر پر تلاوت کے لیے شرائط

س: الیکٹرانک ڈیٹا (disk / cd / dvd) کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ کیا یہ کاغذ پر لکھی ہوئی تحریر جیسی ہے؟ وہ سی ڈی جس میں قرآن پاک کی تلاوت محفوظ ہو یا قرآن لکھا ہوا محفوظ ہو' بے وضو یا ناپاکی کی حالت میں اس کا چھونا کیسا ہے؟ کمپیوٹر کی اسکرین پر قرآن کو دیکھ کر تلاوت کرنا یا تفاسیر کا مطالعہ کرنا' جب کہ وضو یا غسل کی حاجت ہو' جائز ہے؟

ج: آپ کا دینی جذبہ قابلِ قدر ہے' بالخصوص روزمرہ معاملات میں شریعت سے رہنمائی کی فکر دامن گیر ہونا۔ آپ کے سوالات کے جواب درج ذیل ہیں:

سی ڈی جس میں قرآن پاک کی تلاوت محفوظ ہو یا قرآن پاک لکھا ہوا محفوظ ہو' چونکہ وہ محسوس نہیں ہوتا' حروف نظر نہیں آتے' ان کے اوپر کور بھی چڑھا ہوا ہوتا ہے' اس لیے اسے وضو اور غسل کے بغیر بھی ہاتھ لگا سکتے ہیں خصوصاً ایسی صورت میں جب کور چڑھا ہوا ہو۔

کمپیوٹر پر قرآن پاک کو دیکھ کر پڑھنا جائز ہے' جب کہ آدمی باوضو یا بے وضو ہو لیکن جنابت کی حالت میں کمپیوٹر پر قرآن پاک کی تفسیر کا مطالعہ تو کیا جاسکتا ہے لیکن تلاوت نہیں کی جاسکتی' واللہ اعلم! اللہ تعالیٰ ہمیں علم نافع اور عملِ صالح کی توفیق سے نوازے' آمین! (ع - م)

## نقلی زیورات کا استعمال

س : آج کل نقلی زیورات کا بہت رواج ہوگیا ہے۔ بعض تو ایسے ہوتے ہیں کہ ان پر اصلی کا گمان ہوتا ہے۔ کیا ان زیورات کا استعمال شریعت کی رو سے جائز ہے؟ کیا اسے دھوکا دہی کے زمرے میں نہیں لیا جائے گا کہ آپ دوسروں کو دھوکا دے رہے ہیں کہ آپ نے اصلی زیور پہن رکھا ہے' جب کہ فی الواقع وہ اصل نہیں ہیں؟

© rasailojaraid.com